**29-06-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

---------------------------------

**Music**

---------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی، کل دن میں گیارہ بجے آکاشوانی پر 'من کی بات' پروگرام میں لوگوں کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ تیسری مدت کیلئے وزیر اعظم کا عہدہ سنبھالنے کے بعد یہ ان کا پہلا نشریہ ہوگا۔

☆ لداخ میں فوجی ٹینک کے حادثے کے بعد جاری بچاؤ کی کارروائی ختم ہوگئی ہے۔سبھی پانچ فوجی جوانوں کی لاشیں برآمد کرلی گئی ہیں۔

☆ دلّی کی ایک عدالت نے اروند کجریوال کو مبینہ شراب پالیسی بدعنوانی معاملے میں 12 جولائی تک کیلئے عدالتی تحویل میں بھیج دیا ہے۔

☆ ایران کا صدارتی انتخاب دوسرے مرحلے میں داخل ہوگیا ہے۔ اب 5 جولائی کو دوسرے مرحلے کا انتخاب ہوگا۔

☆ تونیشیا میں عالمی ٹیبل ٹینس ٹورنامنٹ میں Diya Prag Chitale اور Yashaswini Ghorpade پر مشتمل بھارتی خواتین کی ڈبلز کی جوڑی فائنل میں پہنچ گئی ہے۔

☆ اور...... کرکٹ میں باربادوس کے مقام پر بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کا فائنل میچ جاری ہے۔

---------------------------------

**(Music)**

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

## PM MANN KI BAAT

وزیراعظم نریندر مودی کل دن میں گیارہ بجے آکاشوانی پر من کی بات پروگرام میں ملک اور بیرون ملک کے لوگوں کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کی 111 ویں قسط ہوگی۔ جناب مودی کے لگاتار تیسری مدت کیلئے وزیر اعظم کا عہدہ سنبھالنے کے بعد یہ پہلا نشریہ بھی ہوگا۔

یہ پروگرام آکاشوانی، دوردرشن اور نیوز آن AIR موبائل ایپ کے تمام نیٹ ورک پر نشر کیا جائے گا۔ یہ پروگرام آکاشوانی نیوز، ڈی ڈی نیوز، وزیراعظم کے دفتر اور اطلاعات و نشریات کی وزارت کے یوٹیوب چینلز پر بھی براہ راست نشر کیا جائے گا۔

ہندی نشریے کے فوراً بعد آکاشوانی اِس پروگرام کو علاقائی زبانوں میں نشر کرے گا۔x

## AMIT SHAH

ہریانہ سرکار اورنیشنل فارنسک سائنس یونیورسٹی نے آج 'Chinhit Apradh' کیسز سے متعلق معاملات کیلئے ملک کا پہلا سینٹر آف ایکسی لینس قائم کرنے کیلئے ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیے ہیں۔ پنچکولہ میں اِس سمجھوتے پر مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، شہری ترقیات، ہاؤسنگ اور توانائی کے مرکزی وزیر منوہر لال اور وزیر اعلیٰ نائب سنگھ کی موجودگی میں دستخط کیے گئے۔ پنچکولہ میں 50 ایکڑ آراضی کے رقبے میں یہ سینٹر آف ایکسلی لینس تعمیر کیا جائے گا۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا کہ یہ سینٹر 3 نئے فوجداری قوانین کو زمینی سطح پر نافذ کرنے میں سائنسی مدد فراہم کرے گا۔ انھوں نے اِس سینٹر میں ایک تربیتی ادارہ قائم کرنے کی بھی تجویز پیش کی۔

یہ ادارہ ہریانہ اور اس سے ملحقہ ریاستوں کے طلباء اور آفیسروں کیلئے تربیت کی سہولیات فراہم کرے گا۔

2100- Amit Shah-34 Secs

وزیر اعلیٰ نائب سنگھ نے کہا کہ یہ سینٹر، متاثرہ افراد کو آسانی کے ساتھ انصاف فراہم کرنے کے وزیر اعظم نریندر مودی اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کے وژن کو پورا کرنے کیلئے کام کرے گا۔ x

## LADAKH TANK ACCIDENT

لداخ میں ایک جنگی مشق کے دوران بھارت- چین سرحد پر حقیقی لائن کنٹرول لائن کے نزدیک کل پیش آئے T-72 ٹینک کے حادثے کے بعد جاری بچاؤ کی کارروائی آج ختم ہوگئی۔ لیہہ میں فوج کے ترجمان نے کہا کہ اِس حادثے میں ہلاک ہوئے پانچ فوجی جوان کی لاشیں برآمد کرلی گئی ہیں۔ x

## KEJRIWAL BAIL

مرکزی تحقیقاتی بیورو CBI کی تین روزہ تحویل کے ختم ہونے کے بعد آج دلّی کی ایک عدالت نے وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال کو مبینہ آبکاری پالیسی سے متعلق بدعنوانی کے معاملے میں اگلے ماہ کی بارہ تاریخ تک عدالتی تحویل میں بھیج دیا ہے۔

اس سلسلے میں عام آدمی پارٹی کے سربراہ نے مبینہ آبکاری پالیسی گھپلے سے متعلق منی لانڈرنگ معاملے میں ضمانت پر اپنی رہائی سے متعلق دلّی ہائی کورٹ کے حکم امتناع کو چیلنج کرتے ہوئے سپریم کورٹ میں دائر اپنی درخواست واپس لے لی تھی۔x

## AAP PROTEST

عام آدمی پارٹی نے دلّی کے وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال کی گرفتاری کے خلاف قومی راجدھانی دلّی کے مختلف مقامات پر احتجاجی مظاہرہ کیا۔ دلّی میں عام آدمی پارٹی کے حامیوں نے BJP کے ہیڈ کوارٹر کا گھیراؤ کیا اور مرکزی حکومت پر انفورسمنٹ کے محکمے اور مرکزی تفتیشی بیورو کے بیجا استعمال کا الزام لگایا ۔ عام آدمی پارٹی کے سنئیر رہنما اور دلّی کے وزیر گوپال رائے نے الزام لگایا کہ BJP ، جناب کیجریوال کو کسی بھی طرح جیل میں رکھنا چاہتی ہے اور اب اس نے CBI کا استعمال شروع کردیا ہے۔

دوسری جانب BJP نے عام آدمی پارٹی پر یہ الزام لگایا کہ وہ پانی کے جمع ہونے کے مسئلے سے لوگوں کا دھیان بھٹکانے کیلئے یہ مظاہرہ کررہے ہیں۔ x

## JUDICIAL CUSTODY

رانچی میں ایک PMLA کورٹ نے منی لانڈرنگ کیس میں جھارکھنڈ کے سابق وزیر عالمگیر عالم کو دو روزہ عدالتی حراست میں بھیج دیا ہے۔ عالمگیر عالم کو یکم جولائی کو ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے عدالت میں پیش کیا جائے گا۔ عالمگیر عالم کو 15 مئی کو انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کے ذریعے گرفتار کیا گیا تھا۔ x

## SANJAY JHA

جنتا دل یونائیٹیڈ نے آج راجیہ سبھا MP اور پارٹی کے رہنما سنجے جھا کو پارٹی کا قومی ایگزیکیٹو صدر مقرر کیا۔ جناب جھا کی یہ تقرری، پارٹی کی قومی ایگزیکیٹو کی میٹنگ کے دوران عمل میں آئی۔ اِس میٹنگ میں پارٹی کے ارکانِ پارلیمنٹ، وزراء، ایگزیکیٹو ممبران، جنرل سکریٹریز، سکریٹریز اور ریاستی صدور نے شرکت کی۔ اپنی تقرری کے بعد نامہ

نگاروں سے بات کرتے ہوئے جناب جھا نے کہا کہ پارٹی، بہار میں 2025 اسمبلی انتخابات کو ذہن میں رکھتے ہوئے آنے والے وقت میں خود کو توسیع دینے کی کوشش کرے گی۔

2100- Sanjay Jha-JDU-F-20 Secs

## GANENDRA SINGH CULTURE

ثقافت کے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے زور دے کر کہا ہے کہ Yug Yugeen Bharat میوزیم، ملک کے سفر کو اجاگر کرے گا۔ بھارت کا نیا نیشنل میوزیم، سینٹرل وسٹا تزئین کاری پروجیکٹ کے حصے کے طور پر نارتھ اور ساؤتھ بلاک میں تعمیر کیا جا رہا ہے۔ سینٹرل وسٹا تزئین کاری پروجیکٹ کا مقصد نئی دلّی میں رائے سینا Hill کے نزدیک واقع بھارت کے مرکزی انتظامی علاقے کو از سرنو تعمیر کرنا ہے۔ یہ میوزیم ایک لاکھ 54 ہزار سے زیادہ مربع میٹر کے رقبے پر محیط ہوگا، جس سے یہ دنیا کا سب سے بڑا میوزیم ہوگا۔ یہ میوزیم فرانس کے تعاون سے تیار کیا جائے گا۔

نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں Yuga Yugeen بھارت میوزیم کے بارے میں بھارت اور فرانس کے باہمی تعاون سے منعقدہ صلاحیت سازی ورکشاپ کے آخری دن شرکت کرتے ہوئے جناب شیخاوت نے کہا کہ یہ میوزیم بھارت کے مالا مال ورثے اور اس کے غیر متزلزل جذبے کا مظہر ہوگا۔ x

## JAI SHANKAR

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کل قطر کے سرکاری دورے پر رہیں گے۔ وزارتِ خارجہ کے ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ دورے کے دوران وزیر موصوف قطر کے وزیر اعظم اور وزیر خارجہ محمد بن عبدالرحمٰن بن جثیم الثانی سے ملاقات کریں گے۔ اس دورے سے دونوں ملکوں کے باہمی تعلقات مستحکم ہوں گے، جس میں سیاسی ، تجارتی ، سرمایہ کاری ، توانائی ، سکیورٹی ، ثقافتی، عوام سے عوام اور علاقائی و بین الاقوامی معاملات شامل ہیں۔ x

## IRAN PRESIDENT ELECTION

ایران کا چودہواں صدارتی انتخاب دوسرے مرحلے میں داخل ہوگیا ہے۔ سابق وزیر صحت مسعود Pezeshkian اور سابق نیوکلیائی مذاکرات کار سعید جلیلی پہلے مرحلے میں سبقت کے باوجود کم از کم 50 فیصد ووٹوں کی مطلوبہ اکثریت حاصل نہیں کرسکے ہیں۔

کل ہوئے صدارتی انتخاب میں چار امیدواروں میں سے کسی کو بھی 50 فیصد سے زیادہ ووٹ حاصل نہیں

ہوئے، جس کے سبب انتخاب کا دوسرا مرحلہ 5 جولائی کو ہوگا۔ اس انتخاب میں 1979 میں اسلامی جمہوریہ کے قیام کے بعد سے سب سے کم پولنگ ریکارڈ کی گئی۔

ایران کے انتخابی ہیڈکوارٹر کے ترجمان محسن اسلامی نے آج بتایا کہ ووٹوں کی مجموعی تعداد 40 فیصد ہی رہی۔

گذشتہ ماہ ہیلی کاپٹر حادثے میں صدر ابراہیم رئیسی کے جاں بحق ہونے کے بعد ایران کے چودھویں صدر کیلئے کل چناؤ ہوا ۔ ایران میں 2025 میں صدارتی انتخابات ہونے تھے۔ تاہم ، صدر رئیسی کی غیر متوقع ہلاکت کے بعد یہ قبل از وقت کرایا جا رہا ہے۔x

## BIHAR CBI NEET

بہار میں سی بی آئی، NEET-UG داخلہ امتحان کے مبینہ پیپر لیک معاملے کے گرفتار تین ملزمان کو آج مزید تحقیقات کیلئے پٹنہ لے کر آئی۔ اِس کیس میں جھارکھنڈ سے کل گرفتار کیے گئے تینوں ملزموں کو طبی معائنہ کیلئے آج سہ پہر پٹنہ کے ایک اسپتال لایا گیا۔ CBI نے اس معاملے میں ہزاری باغ کے امتحان مرکز، Oasis اسکول کے پرنسپل احسان الحق، نائب پرنسپل امتیاز الحق اور ایک مقامی صحافی جمال الدین کو گرفتار کیا ہے۔ سی بی آئی کی خصوصی عدالت سے ریمانڈ حاصل کرنے کے بعد CBI، تینوں ملزموں کو مزید پوچھ تاچھ کیلئے پٹنہ لے کر آئی ہے۔ بہار پولیس کی اقتصادی جرائم کی یونٹ سے اس کیس کی تحقیقات لینے کے بعد CBI نے بہار اور جھارکھنڈ سے اب تک پانچ لوگوں کو گرفتار کیا ہے۔ x

## CEC MANGOLIA

منگولیا کے انتخابی عمل کے مشاہدے کیلئے چیف انتخابی کمیشن کی قیادت والے بھارتی وفد کا پانچ روزہ دورہ اختتام پذیر ہوگیا ۔ منگولیا کی عام انتخابی کمیٹی نے 2024 کے عام انتخابات کیلئے 40 ممالک کے نمائندوں کو بین الاقوامی مشاہدین کے طور پر مدعو کیا تھا۔ x

## AMARNATH YATRA

مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں کشمیر میں شری امرناتھ جی کیلئے سالانہ مقدس یاترا خوش اسلوبی کے ساتھ جاری ہے۔ ملک کے مختلف علاقوں سے بڑی تعداد میں عقیدت مند، شری امرناتھ جی کی یاترا کیلئے جموں میں مندروں کے شہر میں روزانہ پہنچ رہے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے............

VC- Sunil Koul

## MSME KHADI

بہت چھوٹی، چھوٹی اور درمیانہ درجے کی صنعتوں کے مرکزی وزیر جیتن رام مانجھی نے آج ملک میں کھادی اور گاؤں کی صنعتوں کے سیکٹر کی ترقی کیلئے کھادی اینڈ ولیج انڈسٹری کمیشن KVIC کے ذریعے چلائی جا رہی اسکیموں اور پروگراموں کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔

جائزہ میٹنگ کے دوران بہت چھوٹی، چھوٹی اور درمیانہ درجے کی صنعتوں کی وزیر مملکت Shobha Karandaje، KVIC کے چیئرمین منوج کمار کے علاوہ وزارت کے سینئر افسران موجود تھے۔ نئی دلّی میں منعقدہ میٹنگ کے دوران جناب مانجھی نے کھادی اور ولیج انڈسٹریز سیکٹر کے فروغ نیز کھادی دستکاروں کو مدد فراہم کرنے کیلئے اسکیموں کے نفاذ پر مرکوز نقطۂ نظر کے ذریعے مزید کوششیں کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ x

## INS MARITIME EXCERCISE

جنوبی بحیرۂ چین اور بحرِ اوقیانوس میں تعینات بھارتی بحریہ کا جنگی جہاز INS شِوالِک، Hawaii میں جاری Pacific مشق کے 29ویں ایڈیشن میں شرکت کررہا ہے۔ امریکی بحریہ کے مطابق مشق کے دوران Hawaiian جزیرے کے اطراف تقریباً 29 ممالک کے 40 جہاز ، تین آبدوز ، 14 ملکوں کی افواج ، 150 طیارے اور 25 ہزار سے زیادہ عملے اس مشق ، تربیت اور کارروائی میں حصہ لیں گے۔ اس مشق کا موضوع ہے: شراکت دار : مربوط و مستعد

یہ مشق یکم اگست تک جاری رہے گی۔ x

## IMD MIONSOON

جنوب مغربی مانسون آج مشرقی اترپردیش کے بقیہ علاقوں، مغربی اترپردیش کے کچھ علاقوں کی جانب مزید آگے بڑھ گیا ہے۔ بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے کہا ہے کہ جنوب مغربی مانسون کے اگلے دو سے تین روز کے دوران مغربی راجستھان، ہریانہ، چنڈی گڑھ، پنجاب، مغربی اترپردیش کے بقیہ علاقوں، ہماچل پردیش اور جموں کے علاقوں میں مزید آگے بڑھنے کیلئے موسم ساز گار ہے۔

IMD نے مزید کہا کہ تمل ناڈو، میگھالیہ، مغربی بنگال کے ذیلی ہمالیائی خطے اور سکّم کے علاقوں میں الگ الگ مقامات پر بارش ہوسکتی ہے۔ اسی طرح اترپردیش، اڈیشہ، اروناچل پردیش، کونکن، گوا، وسطی مہاراشٹر، گجرات اور جنوبی وسطی کرناٹک کے علاقوں میں کہیں کہیں بارش ہونے کا امکان ہے۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ کل دلّی میں شدید بارش کے بعد قومی راجدھانی اور ملحقہ علاقوں میں متعدد جگہوں پر آج دوسرے دن بھی ہلکی سے اوسط بارش ہوئی۔ بارش کے سبب درجۂ حرارت میں کافی کمی آگئی ہے۔ موسم

خوشگوار ہوگیا ہے۔ دن کے اوقات میں درجۂ حرارت معمول سے کم ہے۔ x

## TABLE TENNIS

بھارتی ٹیبل ٹینس کھلاڑی Diya Parag Chitale اور Yashaswini Ghorpade تیونس میں عالمی ٹیبل ٹینس مقابلے کے فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ انہوں نے سیمی فائنل مقابلے میں جنوبی کوریا کی Yoo Siwoo اور Kim Seongjing کی جوڑی کو گیارہ - چار، گیارہ - دو، گیارہ - دو سے شکست دی۔

اب کل فائنل مقابلے میں ان بھارتی کھلاڑیوں کا مقابلہ جاپان کی Satsuki Odo اور Sakura Yokoi کی جوڑی سے ہوگا۔ x

## CRICKET WOMEN

خواتین کرکٹ میں چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان کھیلے جا رہے ٹیسٹ میچ کے دوسرے دن کے اختتام پر جنوبی افریقہ نے 4 وکٹ پر 236 رن بنا لئے تھے۔ بھارت نے 6 وکٹ پر 603 رن بنا کر اپنی پہلی اننگز ڈکلیئر کر دی تھی۔

Richa گھوش نے 86 رن جبکہ کپتان ہرمن پریت کور نے 69 رن بنائے۔ x

## CRICKET MEN

کرکٹ میں Barbados میں مردوں کے ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کے فائنل میں بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان مقابلہ جاری ہے۔ اب سے کچھ دیر پہلے تک بھارت نے 4 وکٹ کے نقصان پر 164 رَن بنا لیے تھے۔ اس سے قبل بھارت نے ٹاس جیتا اور پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔

سیمی فائنل میں روہت شرما کی زیرِ قیادت بھارتی ٹیم نے دفاعی چیمپئن انگلینڈ کو 68 رَن سے شکست دے کر مقابلے سے باہر کردیا ۔ وہیں دوسری طرف جنوبی افریقہ نے دوسرے سیمی فائنل مقابلے میں افغانستان کو شکست دے دی۔x